PS+YOU

چانسلر Kamar H. Samuels کی جانب سے

NYC Public Schools













## ہماری تدریسی کمیونٹی کا فروغ

عزیز اہل خانہ اور رفقائے کار،

مضبوط اسکول کا آغاز مضبوط معلمین کے ساتھ مل کر ہوتا ہے۔ بطور چانسلر، اور ایک ایسا فرد جس نے اپنے پیشے کا آغاز نیو یارک شہر پبلک اسکولز سے بحیثیت ایک **NYC Teaching Fellow** کیا تھا، مجھے معلوم ہے کہ ایک اچھا استاد کس طرح اپنے طلباء، اسکولوں اور خاندانوں کے لیے تبدیلی کا باعث بن سکتا ہے۔

بہترین معلمین کو ملازمت پر رکھنا اور ان کی معاونت کرنا یہ یقینی بنانے کے لیے انتہائی ضروری ہے کہ اردگرد علاقے کے ہر بچے کو ایک اعلیٰ معیاری تعلیم تک رسائی حاصل ہو، اور یہ کہ ہمارے معلمین ہماری برادریوں کا تنوع اور عمدگی کی عکاسی کرتے ہوں۔ تمام پانچوں بروز کے اسکولوں میں کلاس میں طلباء کی کم تعداد کے ذریعے، ہماری خواہش ہے کہ زیادہ پُرجوش مزاج، سمجھ بوجھ اور تخلیقی ذہن کے حامل نیو یارک کے رہائشی NYCPS کے اساتذہ بنیں۔

چاہے آپ یا آپ کا کوئی جاننے والا ایک تجربہ کار استاد ہے یا پڑھانے کو بطور ایک نیا پیشہ بنانے پر غور کر رہا ہو، NYC پبلک اسکولز، کلاس روم تک جانے کے کئی طریقوں کی پیشکش کرتا ہے۔ اس میں دیگر ریاستوں سے سندیافتہ اساتذہ کے لیے انتخابات شامل ہیں، NYCPS کے موجودہ ملازمین جو معلمین بننے میں دلچسپی رکھتے ہیں، معلم بننے کے تیز تر طریقے، صنعتی پیشہ وران کے لیے مواقع اور بہت کچھ۔ آپ یہاں TeachNYC.net جا کر معلوم کر سکتے ہیں کہ یہ آپ یا آپ کے کسی جاننے والے کے لیے ایک اچھا موقع ہو سکتا ہے۔

نیو یارک شہر میں پڑھانے کا مطلب ہے کہ کسی ایک کلاس روم سے بڑھ کر نظام کا حصہ بننا۔ یہ خدمت کرنے کا ایک موقع ہے، اور اس سے ہمارے شہر کے مستقبل کی تعمیر کرنے میں مدد ملتی ہے۔

اگر آپ—یا آپ کے کسی جاننے والے—نے کبھی ایک معلم بننے پر غور کیا ہو، میں آپ کی **TeachNYC.net** پر دستیاب طریقوں پر غور کرنے اور شیئر کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں۔

شراکت میں،

Kamar H. Samuels، چانسلر

**چانسلر کا مرکز توجہ (اسپاٹ لائٹ):**

**NYC Teaching Fellows** ایک ایسا طریقہ ہے جو مجھے خصوصی طور پر بہت پسند ہے، کیونکہ میں اس پروگرام کے ساتھ 20 سے زائد سال شامل رہا۔ مجھے ایک اشتہار کے ذریعے ٹیچنگ فیلوز کے بارے میں معلوم ہوا؛ جس پر لکھا تھا، "آپ کو اپنے پہلے گریڈ کے استاد کا نام ہمیشہ یاد رہتا ہے۔ آپ کا نام کون یاد رکھے گا"؟ اس سوال نے مجھے جھنجوڑ دیا۔ میں نے ٹیچنگ فیلو بننے کے لیے درخواست دی اور چند ماہ بعد میں کلاس روم میں داخل ہو گیا۔

ہمارے ٹیچنگ فیلوز کئی مختلف پس منظروں سے آتے ہیں (میں ایک اکاونٹنٹ تھا)، اور اس پروگرام نے سخت تیاری، رہنمائی (مینٹورشپ)، اور سلسلہ وار پیشہ ورانہ تعلیم فراہم کی جس سے مجھے اپنے ریاضی سے شغف رکھنے پر عمل کرتے ہوئے پڑھانے میں مدد ملی۔

NYC ٹیچنگ فیلو درخواست 19مارچ تک کھلی ہے، لہٰذا اگر آپ کے پاس ایک بیچلر ڈگری ہے اور چاہتے ہیں کہ NYC طلباء کی زندگیوں میں نمایاں فرق لائیں، آج درخواست دینے کا ایک اچھا دن ہے،

چانسلر کے اسپاٹ لائٹ کے لیے کسی فرد یا پروگرام کو نامزد کریں۔

**ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:**




ترجمے کے لیے، برائے مہربانی ہمارے یو ٹیوب صفحے پر جائیں

آئیکان پر کلک کریں اور "Settings" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "CC" :ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں۔ "Subtitles/CC"

**NYCPS خبریں اور وسائل:**

- جنوری میں نیویارک ریاست میں پہلا مسلم امریکی ورثے کا مہینہ منایا گیا۔ اس اہم سنگ میل کو منانے کے دوران ان مسلم امریکیوں کے بارے میں ہماری وڈیو Hidden Voices curricular resource ملاحظہ کریں جنہوں نے ہمارے شہر، ملک اور کام پر اپنا اثر مرتب کیا ہے۔
- فروری سیاہ فام افراد کی تاریخ کا مہینہ ہے۔ خاندانوں اور معلمین دونوں کے لیے یکساں تازہ ترین موضوعاتی تقریبات، نمائشوں، تجویز کردہ کتابوں اور آڈیو وژوئل وسائل کے لیے ہمارے official Black History Month webpage پر جائیں
- مزید خبروں اور وسائل کے لیے، NYCPS کو آن لائن فیس بُک، انسٹاگرام، X، اور یوٹیوب پر فالو کریں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ اس خبرنامے کو مزید وصول نہیں کرنا چاہتے تو خارج ہونے کے لیے برائے مہربانی

ان سبسکرائب کریں